سوال

(870) میری والدہ جوکہ تقریباً عرصہ تین سال سے وفات پا چکی ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری والدہ جوکہ تقریباً عرصہ تین سال سے وفات پا چکی ہیں ان کی فوتگی کے تقریباً ڈیڑھ سال بعد میرے والد صاحب اس دنیا فانی سے رخصت ہوگئے مجھے مسلسل تین بار وقفے وقفے سے خوابیں آئی ہیں جوکہ یہ ہیں میرے والد صاحب اور والدہ جوکہ ہمارا بڑا کمرہ جس میں والدہ رہتی تھیں اسی کمرے میں ایک طرف والدہ صاحبہ اور دوسری طرف والد مرحوم لیٹے ہیں میں اور میرے گھر والے سبھی ان کے قریب بیٹھے ہیں ہم سب ان سے باتیں کرتے ہیں لیکن وہ ہماری ان باتوں کا کوئی جواب نہیں دیتے بس کھانا کھا کر لیٹ جاتے ہیں برائے مہربانی فرما کر اس خواب کی تعبیر کا جواب قرآن وحدیث کی روشنی میں دیں تاکہ ہماری تسلی ہو۔ شفیق الرحمن غازی آباد لاہور

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کے اس خواب میں آپ کو بتایا گیا ہے والدین کی طرف سے صدقہ کرو اور ان کے لیے دعا کرتے رہا کرو ہوسکے تو ان کی طرف سے کوئی صدقہ جاریہ کردو۔

یہ بھی اشارہ ہے آپ کی بیوی کے والدین اگر زندہ ہیں تو ان کو راضی کرو اور اگر فوت ہوگئے ہیں تو ان کے لیے دعاء واستغفار اور صدقہ کرو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01 ص557

محدث فتویٰ